FÜRST | MEDISINSK LABORATORIUM

URDU

محترم/محترمہ

آپ کے گلوکوز کی برداشت کے ٹیسٹ کے بارے میں اہم معلومات

اس ٹیسٹ کا درست نتیجہ حاصل کرنے کیلئے یہ اہم ہے کہ آپ ان معلومات کو بغور پڑھیں اور ان پر پورا عمل کریں۔ گلوکوز کی برداشت کے ٹیسٹ کیلئے پہلے ہمارے یہاں وقت لینا بھی یاد رکھیں۔

تیاری:

- آپ خالی پیٹ آئیں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ ٹیسٹ سے کم از کم 8 گھنٹے پہلے کھانا، پینا، تمباکو نوشی کرنا یا منہ میں تمباکو رکھنا چھوڑ دیں۔ یہی ہدایات ان دو گھنٹوں کے دوران بھی واجب ہیں جو ٹیسٹ میں لگتے ہیں۔ ڈراپس (ٹافیوں)، چینی کے بغیر چیونگ گم، نکوٹین کے بغیر منہ میں رکھنے کے تمباکو کی اجازت بھی نہیں ہے۔ **اگر آپ کو ضروری دوائیاں لینی ہوں تو آپ ٹیسٹ شروع ہونے سے پہلے دوایوں کے ساتھ 1 گلاس پانی پی سکتے ہیں۔ صرف اس چیز کی اجازت ہے، اور کسی چیز کی نہیں۔**
- **اگر آپ کے پاس ریکوزیشن ہے تو لے آئیں۔ اگر ڈاکٹر نے الیکٹرانک طور پر درخواست کی ہے تو، درخواست ہمارے سسٹم میں ہے اور آپ کو صرف شناخت کی ضرورت ہے۔**
- آپ کو ٹیسٹ میں 2.5 (ڈھای) گھنٹے لگنے کی توقع رکھنی چاہیئے۔ ٹیسٹ کے دوران آپ کو ہمارے ہاں ہی رہنا ہوگا، اور سکون سے بیٹھے رہنا ہو گا۔ اگر آپ گاڑی میں آ رہے ہیں تو پارکنگ کیلئے کافی وقت رکھتے ہوئے ٹیسٹ کے وقت سے پہلے آئیں۔
- یہ اہم ہے کہ آپ آرام سے بیٹھیں اور کسی دوسری چیز پر توانائی خرچ نہ کریں۔ اس لیے آپ اپنے بچوں کو ساتھ نہیں لا سکتے اور ٹیسٹ کے دو گھنٹوں کے دوران مائیں بچوں کو دودھ نہیں پلا سکتیں۔ جگہ کی تنگی کی وجہ سے ہم چاہتے ہیں کہ آپ اکیلے آئیں، سوائے اس کے کہ آپ کو مترجم کی ضرورت ہو۔
- اگر آپ کو بخار ہو یا آپ شدید بیمار ہو جائیں تو گلوکوز کی برداشت کے ٹیسٹ کو آپ کے صحتیاب ہونے تک ملتوی کر دیا جائے گا۔

ٹیسٹ:

- ٹیسٹ کے آغاز میں ہم آپ کے خون کا نمونہ حاصل کرتے ہیں۔
- پھر آپ کو سنگترے کے ذائقے والا 2 ڈیسی لیٹر محلول پینے کیلئے ملتا ہے جس میں چینی ہوتی ہے۔ آپ کو یہ محلول 5 منٹ کے اندر پینا ہوتا ہے۔ ہم وقت کو ملحوظ رکھنے کیلئے آپکی مدد کرتے ہیں۔
- آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ ٹیسٹ کے دوران کس جگہ بیٹھیں گے۔ اچھا ہو گا کہ آپ پڑھنے کیلئے کچھ ساتھ لے آئیں۔
- 2 گھنٹے گزرنے کے بعد ہم دوبارہ آپ کے خون کا نمونہ لیتے ہیں۔
- یہ نمونہ لیے جانے کے بعد ٹیسٹ مکمل ہو جاتا ہے۔

FÜRST میں ٹیسٹوں کیلئے خوش آمدید!